# قونصلر سروسز

## اہم معلومات

**قونصلر آفس کے اوقاتِ کار**

| دستاویزات جمع کروانے کا وقت | دستاویزات وصول کرنے کا وقت |
|---|---|
| پیر تا جمعرات 0930-1230 بجے | 1500-1600 بجے |
| جمعہ 0930-1200 بجے | 1500-1600 بجے |

**فون نمبرز:**

| | |
|---|---|
| عمومی معلومات/ ویزہ معلومات کے لیے: | 03-5421-7741 (#24) |
| تصدیق قونصلر سروسز کے لیے: | 03-5421-7741 (#24) |
| پاسپورٹ کے لیے: | 03-5421-7741 (#13) |
| ایمرجنسی ہیلپ لائن (24/7): | 07-1214-4452 Whatsapp |

**اوورسیز پاکستانی کمیونٹی کی سہولت کے لیے سفارتخانہ کے نمائندہ کی رابطہ تفصیل درج ذیل ہے:**


**شفیق احمد**

080-5132-5738

tokyocwa@gmail.com


مزید معلومات یا رابطہ کے لیے براہ کرم سفارتخانے کی ویب سائٹ یا ای میل سے رجوع کریں۔

# نادرا سروسز

سفارتخانہ پاکستان نادرا سروسز کے حوالے سے درج ذیل خدمات فراہم کرتا ہے۔
قومی شناختی کارڈ برائے اوورسیز پاکستانی(NICOP)، پاکستان اوریجن کارڈ(POC)، بچوں کا رجسٹریشن سٹیفکیٹ(CRC)، فیملی رجسٹریشن سٹیفکیٹ(FRC)، بچوں کا کارڈ(Juvenile Card) اور شناختی کارڈ کی منسوخی کا سٹیفکیٹ

# اہم اطلاع

سفارتخانہ پاکستان میں نادرا کا کوئی کاؤنٹر موجود نہیں ہے۔ درج ذیل اُمور سے متعلق صرف آن لائن درخواست دی جا سکتی ہے:

1- نائیکوپ (NICOP)

2- پی او سی(POC)

3- جوونائل کارڈ (Juvenile Card)

4- چائلڈ رجسٹریشن سٹیفکیٹ(CRC)

5- فیملی رجسٹریشن سٹیفکیٹ(FRC)

6- شادی کا اندراج

7- طلاع کا اندراج

8- شناختی کارڈ کی منسوخی کا سٹیفکیٹ

درخواستوں کے آن لائن اندراج اور مزید معلومات کے لیے نادرا کی ویب سائٹ پر درج ذیل لنک ملاحظہ کریں:

https://www.nadra.gov.pk

# شعبہ تصدیق میں خوش آمدید

## دستاویزات کی تصدیق کے لیے اہم ہدایات

i. سفارتخانہ سے پاکستان سے جاری شدہ کسی بھی دستاویز (بشمول نکاح نامہ) کی تصدیق کروانے کیلئے اس دستاویز کا وزارت خارجہ پاکستان (اسلام آباد یا اس کے کیمپ دفاتر) سے تصدیق ہونا لازمی ہے۔

ii. اسی طرح جاپان سے جاری شدہ کسی بھی دستاویز کی تصدیق کروانے کیلئے اس دستاویز کا وزارت خارجہ جاپان سے تصدیق ہونا لازمی ہے۔

iii. تصدیق کے لیے مہیا کی جانے والی دستاویزات کی مدت اجراء تین (3) ماہ سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

iv. تعلیمی اسناد ڈگریاں ہائر ایجوکیشن کمیشن، پاکستان (HEC) اور وزارت خارجہ پاکستان (MoFA) سے تصدیق شدہ ہونی چاہیے۔

## سرٹیفکیٹس اور درخواستوں کے اجرا / تصدیق کے لیے درکار دستاویزات

### 1- شہریت کا سرٹیفکیٹ (Nationality Certificate):

i. اصل پاسپورٹ

ii. شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی

iii. جاپانی رہائشی کارڈ (Zairyu Card) کی کاپی

iv. فیس: 1000 جاپانی ین

## 2- ڈرائیونگ لائسنس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ:

i. اصل ڈرائیونگ لائسنس اور پاکستان کی متعلقہ ٹریفک پولیس اتھارٹی سے جاری شدہ اصل این او سی
ii. کارآمد پاسپورٹ کی کاپی
iii. شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی
iv. جاپان میں حالیہ آمد کی تاریخ بمعہ ثبوت
v. زائریو کارڈ (Zairyu Card) کی کاپی
vi. فیس: 1000 جاپانی ین

## 3- شادی کے اندراج کا سرٹیفکیٹ: (Marriage Registration Certificate):

i. جاپان سٹی گورنمنٹ کی جانب سے گذشتہ تین ماہ کی مدت میں جاری کردہ Marriage Certificate (غیر رسمی ترجمہ کے ساتھ)
ii. زوجین کے کارآمد پاسپورٹ کی کاپیاں
iii. پاکستانی ہونے کی صورت میں پاکستانی شناختی کارڈ اور جاپانی زائریو کارڈ کی کاپی
iv. زوجین کی 02 عدد پاسپورٹ سائز تصاویر
v. فیس: 3000 جاپانی ین

## 4- بچوں کے درست نام کا سرٹیفکیٹ (Spelling Certificate):

i. سٹی گورنمنٹ کی طرف سے جاری شدہ کوشیکوٹون (Kosikotun) خط
ii. والدین کے پاکستانی پاسپورٹ اور CNIC کی کاپیاں
iii. فیس: 1000 جاپانی ین

## 5- بچے کی پیدائش کا اندراج سٹرفکیٹ(Child Birth Registration Certificate):

i. مکمل S فارم اور S-1 فارم (سفارتخانے کی ویب سائٹ پر دستیاب)
ii. پیدائش کا سٹرفکیٹ
iii. والدین کے رہائشی سرٹیفکیٹس (Juminhyo)
iv. زائریو کارڈ کی کاپیاں
v. اگر والدہ جاپانی شہریت کی حامل ہو تو Koskitohan کی کاپی
vi. نومولود کی دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر
vii. فیس: 1000 جاپانی ین

## 6- مختارنامہ (Power of Attorney):

مختارنامہ دو طریقوں سے تصدیق کروایا جاسکتا ہے۔

**آن لائن تصدیق:**

درج ذیل لنک پر اکاؤنٹ بنا کر مختارنامہ تصدیق کروایا جاسکتا ہے۔

https://poa.nadra.gov.pk/

تمام تر درکار تفاصیل اس لنک پر دستیاب ہیں۔

**سفارتخانہ کے ذریعہ سے تصدیق:**

i. درخواست دہندہ کا سفارتخانے میں تشریف لانا لازمی ہے۔
ii. درخواست دہندہ کے تحریر کردہ مختارنامہ پر جاپان میں مقیم دو گواہان کے نام اور پتہ کے ساتھ دستخط ہونا ضروری ہیں نیز ان کے پاسپورٹ یا CNIC کی کاپیاں بھی درکار ہیں۔
iii. درخواست دہندہ کے پاسپورٹ/CNIC کی کاپیاں

iv. درخواست دہندہ کا زائریو کارڈ کی کاپی

v. فیس فی صفحہ: 1000 جاپانی ین

نوٹ: کسی بھی قسم کے سٹرٹفکیٹ کے اجرا کے لیے متعلقہ درخواست فارم اور فیس لازمی ہیں۔

جس کو مختارنامہ دیا جا رہا ہے اسکے کارڈ کی کاپی چاہیے یا نہیں؟

## سفارتخانہ درج ذیل دستاویزات کی تصدیق کا بھی اختیار رکھتا ہے:

i. فیملی رجسٹریشن ٹریفکیٹ (FRC)

ii. فارم 3-A، 21 اور 29 فارم A کی مصدقہ نقول (CTC)

iii. دوسری شادی کی اجازت کا سرٹیفکیٹ

iv. انگریزی زبان کی مہارت کا سرٹیفکیٹ (English Proficiency Certificate)

v. بینک اسٹیٹمنٹ / اکاؤنٹ مینٹیننس سرٹیفکیٹ

vi. ڈی این اے رپورٹ

vii. ٹریول ہسٹری

viii. حلف نامے (Affidavits)

ix. معذوری کا سرٹیفکیٹ

x. ملازمت/ تجربے کے سرٹیفکیٹس اور بیرونِ ملک پوسٹنگ/اسٹڈی لیو پر این او سی

xi. مدارس سے متعلق تعلیمی اسناد

## فیس کی تفصیل:

i. تصدیق فی صفحہ 1000 - ین

ii. شادی کی رجسٹریشن 3000 - ین

iii. سرٹیفکیٹس (ڈرائیونگ لائسنس، قومیت، وغیرہ) 1000-- ین

قونصلر و کمیونٹی اُمور کے لیے ای میل کریں:

consularpk@gmail.com

ایم آر پی/ نادرا اُمور کے لیے ای میل کریں:

mrpembassypktokyo@gmail.com

# VISA APPLICATION-ویزا

## ویزا سیکشن میں خوش آمدید

حکومتِ پاکستان کی ہدایات کے مطابق، یکم جنوری 2021 سے تمام ویزا اور درخواستیں صرف پاکستان آن لائن ویزا سسٹم کے ذریعے جمع ہو رہی ہیں۔

تمام درخواست دہندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ویزا درخواست صرف آن لائن ویزا پورٹل کے ذریعے جمع کروائیں۔

### ویزا کے لیے آن لائن پورٹل کا لنک:

https://visa/nadra.gov.pk/visa-categories/

### ویزا کی اقسام:

درج بالا لنک پر نیچے دی گئی ویزا اقسام کیلئے درخواست دی جاسکتی ہے۔

i. سیاحتی ویزا(Tourist visa)

یاد رہے کہ سیاحتی ویزا کے لیے "Visit Visa" / "tourist" منتخب کریں، نہ کہ "Visa in your inbox"

ii. فیملی وزٹ ویزا

iii. بزنس ویزا

iv. ورک ویزا

v. اسٹوڈنٹ ویزا

vi. جرنلسٹ ویزا (صحافیوں کے لیے)

vii. سفارتی ویزا

viii. سرکاری ویزا

ix. ٹریکنگ ویزا

x. زائرین ویزا

xi. Visa Prior to Arrival

xii. دیگر

## افغان شہریوں کے لیے خصوصی ہدایات:

سیاحتی یا وزٹ ویزا کے لیے مندرجہ ذیل دستاویزات لازمی ہیں۔

i. پاسپورٹ

ii. حالیہ تصویر

iii. دعوت نامہ (Invitation Letter)

iv. میزبان (Invitee) کے پاکستانی شناختی کارڈ کی دونوں اطراف کی کاپی

v. جاپانی رہائشی کارڈ (Zairyu Card)

**نوٹ:**

ویزا کا اجرا حکومت پاکستان کا اختیار ہے، جو نامزد حکام کے ذریعے استعمال کیا جاتا ہے۔

درخواست دہندگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ صرف ویزا حاصل ہونے کے بعد ہی سفر کی منصوبہ بندی کریں۔

مشین ریڈ ایبل پاسپورٹ آن لائن اور سفارتخانہ، دونوں طریقوں سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## درکار دستاویزات:

i. گذشتہ پاسپورٹ (اگر کوئی موجود ہو) اور اس کی فوٹو کاپی

ii. 18 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کے لیے: اصل اور کارآمد CNIC/NICOP اور اس کی کاپی

iii. رہائشی کارڈ (Zairyu Card)

iv. 18 سال سے کم عمر درخواست دہندہ کے لیے: اصل کمپیوٹرائزڈ فارم B / NICOP / CRC / Juvenile Card اور اس کی فوٹو کاپی

v. والد یا والدہ کے CNIC کی کاپی

vi. نکاح نامہ

vii. سفارتخانے سے جاری کردہ بچے کی رجسٹریشن کا سٹرفکیٹ

**15** سال سے کم عمر بچوں کو 5 سال کے لیے پاسپورٹ جاری کیا جائے گا۔

i. شادی شدہ خواتین کے لیے نام کی تبدیلی کے لیے شادی کا سٹیفکیٹ

iii. درخواست فارم میں موجودہ اور مستقل پتہ اور رابطہ نمبر مکمل اور درست درج کیے جائیں۔

iii. دوہری شہریت کے حامل افراد کے لیے متعلقہ دوسرے ملک کا پاسپورٹ کی کاپی ضروری ہے۔

**18** سال سے کم عمر درخواست دہندہ کے ساتھ والدین میں سے کوئی ایک یا قانونی سرپرست کا سفارتخانہ تشریف لانا لازمی ہے، ایسے قانونی سرپرست کے پاس وزارت خارجہ پاکستان سے تصدیق شدہ عدالتی کسٹڈی لیٹر ہو۔ غیر حاضر والد/والدہ کی طرف سے بیان حلفی لازمی ہے۔ اس بیان حلفی میں واضح طور پر درج ہو کہ کسی قسم کی علیحدگی یا کسٹڈی کا کیس کسی عدالت میں زیر سماعت نہیں ہے۔ نیز حلف نامے پر دستخط اور انگوٹھے کا نشان ضروری ہے۔

اگر والدین میں سے کوئی ایک پاکستان میں ہو، تو یہ حلف نامہ وزارت خارجہ پاکستان سے تصدیق شدہ ہونا چاہیے۔

## گمشدہ پاسپورٹ کی دوبارہ اجراء کے لیے درکار دستاویزات:

گذشتہ پاسپورٹ کی کاپی (اگر دستیاب ہو)

گذشتہ پاسپورٹ نمبر

پولیس رپورٹ، جس میں گمشدہ پاسپورٹ نمبر واضح طور پر درج ہو۔

یاد رہے کہ پہلی بار پاسپورٹ گم ہونے کی صورت پاسپورٹ فیس دوگنا ہوگی، دوسری بار گم ہونے کی صورت میں پاسپورٹ فیس چار گنا ہوگی جبکہ تیسری بار پاسپورٹ گم ہونے کی صورت میں نئے پاسپورٹ کے اجراء کی منظوری ڈی.جی ایمیگریشن و پاسپورٹ، اسلام آباد سے درکار ہوگی۔

اہم ہدایات:

i. سرکاری ملازمین کے لیے پاسپورٹ کے اجراء کے لیے ان کے محکمے کا این او سی (NOC) درکار ہوگا

ii. ایسے افراد جنہوں نے سیاسی پناہ/ ریفیوجی کی درخواست دے رکھی ہو، ان کو متعلقہ اداروں کی سیکیورٹی کلیرنس کے بعد پاسپورٹ جاری کیا جائے گا۔

## پاسپورٹ فیس

| پاسپورٹ | 5 سالہ مدت کے لیے فیس (ین) | | 10 سالہ مدت کے لیے فیس (ین) | |
|---|---|---|---|---|
| | نارمل | ارجنٹ | نارمل | ارجنٹ |
| 36 صفحات | 4,200 | 7,000 | 7,000 | 11,600 |
| 72 صفحات | 7,700 | 12,600 | 12,700 | 20,800 |
| 100 صفحات | 8,400 | 16,800 | 13,900 | 27,700 |

## پاسپورٹ کی فراہمی:

i. ارجنٹ پاسپورٹ کی فراہمی: کم از کم 10 دفتری ایام

ii. نارمل پاسپورٹ کی فراہمی: کم از کم 20 دفتری ایام

## نوٹ:

i. اُوپر دی گئی مدت میں پاکستان کے سفارتی مشنز تک پاسپورٹ کی ترسیل کا وقت شامل نہیں۔

ii. موجودہ تاخیر پاکستان میں بیک لاگ کلیئرنس کی وجہ سے ہے۔